☆☆☆☆

Inter-(Part-II)-A-2022

Roll No.______________ اُمیدوار خود پُر کرے

**(For all sessions)**

| Paper Code | 8 | 0 | 2 | 7 |
|---|---|---|---|---|

# اُردو لازمی (معروضی)

گروپ-I

وقت: 30 منٹ

نمبر: 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

.1 **(الف)** درست جواب کا انتخاب کیجئے : **(5)**

1 - سندھ پرفوج کشی کرتے وقت محمد بن قاسم کی عمر ________ سال تھی۔

(A) 17 (B) 18 (C) 19 (D) 20

2 - ایوب عباسی کا قد ________ فٹ تھا۔

(A) ساڑھے چار (B) پانچ (C) چھے (D) سات

3 - ڈاکٹر برہان نے ________ پہن رکھا تھا / رکھی تھی۔

(A) کوٹ (B) اوور کوٹ (C) برساتی (D) واسکٹ

4 - سید احمد شہید ________ میں دفن ہیں۔

(A) پشاور (B) بالاکوٹ (C) دِلّی (D) بریلی

5 - مصنفہ فضائی کمپنی ________ سے ہوائی روانہ ہوئیں۔

(A) ترک ایریز (B) امارت ایریز (C) پی آئی اے (D) بی او اے سی

**(ب)** مطابقت اور حروف کا درست استعمال مدِّنظر رکھ کر درست جواب کا انتخاب کیجئے : **(5)**

6 - اپنی حرکتوں سے باز آجاؤ ________ مجھ سے برا کوئی نہیں ہو گا۔

(A) کیونکہ (B) ورنہ (C) چونکہ (D) آخر

7 - ________ دُولھا بھائی کتنے پیارے ہیں۔

(A) واہ (B) آہ (C) اُف (D) اگرچہ

8 - علم اور نیکی انسان کا درجہ بڑھا ________ ۔

(A) دیتی ہے (B) دیتا ہے (C) دیتے ہیں (D) دیتی ہیں

9 - " کلیاتِ آتش " چھپ ________ ۔

(A) گئے ہیں (B) گئی ہے (C) گیا ہے (D) گئی ہیں

10 - ہم صرف بےعمل ہی نہیں ________ لاعلم بھی ہیں۔

(A) لیکن (B) مگر (C) البتہ (D) بلکہ

**(ج)** رموزِ اوقاف کو ملحوظ رکھتے ہوئے، درست جواب کا انتخاب کیجئے : **(5)**

11 - وقفے سے زیادہ ٹھہراؤ کی علامت ________ ہے۔

(A) ، (B) : (C) :- (D) ؍

12 - جب تفصیل دینا مقصود ہو تو ________ کی علامت لگاتے ہیں۔

(A) رابطہ (B) سوالیہ (C) تفصیلیہ (D) قوسین

13 - " طبہ حجتہ الوداع کے اہم نکات یہ ہیں۔" آخر میں کون سی علامت آئے گی؟

(A) رابطہ (B) تفصیلیہ (C) سکتہ (D) وقفہ

14 - (:) یہ علامت ________ کی ہے۔

(A) رابطہ (B) ختمہ (C) وقفہ (D) سکتہ

15 - " وقاص ________ فہد اور حمزہ سیر کو گئے۔" اس جملہ میں وقاص اور فہد کے درمیان کون سی علامت آئے گی؟

(A) رابطہ (B) سکتہ (C) ختمہ (D) وقفہ

**(د)** امدادی اَفعال کے درست استعمال والے جملے کا انتخاب کیجئے : **(5)**

16 - رکھنا:

(A) کتاب میز پر رکھی ہے۔ (B) آپ میری بات یاد رکھنا۔

(C) ریحان نے مجھے زبردستی بٹھا رکھا ہے۔ (D) جگ میں پانی رکھنا۔

17 - کرنا:

(A) وہ کپڑے کے کارخانے میں کام کرتا ہے۔ (B) وہ ہر وقت ورزش کرتا ہے۔

(C) اپنا کام جلدی ختم کرو۔ (D) روزانہ قرآنِ پاک کی تلاوت کیا کرو۔

18 - اُٹھنا:

(A) وہ صبح سویرے اُٹھا۔ (B) اب اُٹھ بھی جاؤ۔

(C) یہاں سے مت اُٹھنا۔ (D) چور پولیس کو دیکھ کر بھاگ اُٹھا۔

19 - چاہنا:

(A) وہ مجھ سے قرض چاہتا ہے۔ (B) وہ مجھے چاہتا ہے۔

(C) ہمیں والدین کی عزت کرنا چاہیے۔ (D) وہ چاہتا ہے کہ گاؤں جائے۔

20 - رکھنا:

(A) کتاب میز پر رکھی ہے۔ (B) آپ میری بات یاد رکھنا۔

(C) ریحان نے مجھے زبردستی بٹھا رکھا ہے۔ (D) جگ میں پانی رکھنا۔